© rasailojaraid.com



جن میں مختلف اصحاب فضل کے مکتوبات سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مولانا قاری محمد سلیمان صاحب نے، شیخ التفسیر مولانا قاضی زاہد الحسینیؒ صاحب قدس سرہ کے وہ خطوط مرتب کئے ہیں جو کہ انہوں نے حضرت قاری صاحب کے نام بھیجے ہیں۔ قاری صاحب مدظلہ کا شمار دارالعلوم کے لائق فضلاء میں ہوتا ہے۔ تدریس واہتمام کے ساتھ ساتھ دعوت وتبلیغ اور اصلاح وارشاد میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں۔ اللہ ان کے یہ مساعی مقبول ومبرور فرماویں۔ (آمین)۔

ان مکاتیب کی افادیت صاحب مکتوب کی جلالت شان سے واضح ہے اس سے پہلے آں محترم کے مکاتیب کا مجموعہ کشکول معرفت کے نام سے دوجلدوں میں طبع ہوا ہے۔ حضرت قاری صاحب نے یہ انمول خزانہ اہل علم اور عام اردودان طبقہ کے لئے منظرعام پر لاکر ایک عظیم علمی خدمت انجام دی ہے۔ کتاب صوری اور معنوی دونوں لحاظ سے انتہائی دیدہ زیب ہے۔ ہم دینی مدارس کے طلباء کیلئے اس کے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ (م ا ف)

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

نام کتاب :- تفصیل الکتاب

مولف :- مولانا صادق الامین عزیزی

صفحات :- ۲۸۸۔ قیمت: ۸۰ روپے

ملنے کا پتہ :- اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی وغیر

زیر تبصرہ کتاب میں مولف نے نصاب وفاق المدارس العربیہ کے مطابق قرآن حکیم کے آخری پارہ کا اردو ترجمہ خلاصۂ تفسیر سورتوں کے موضوعات، لغوی تشریح، شان نزول اور نحوی تراکیب کا اہتمام کیا ہے۔ مولف نے انتہائی عرقریزی اور دقت نظر سے مذکورہ بالا عنوانات کا احتواء کیا ہے اور امید ہے کہ طلباء مدارس عربیہ اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ اور اس کے بالاستیعاب مطالعہ سے ان میں تفسیری ذوق اور تحلیل نحوی وصرفی کے استعداد میں جلا پیدا ہوگی۔

(م ا ف)



© rasailojaraid.com